بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پنشن لینے کے لئے نااہل شخص کا اپنے آپ کو اہل ظاہر کر کے پنشن لینا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ایک فوجی شخص وفات پا گیا، اوراس کی سرکاری پینشن جاری تھی، فوج کے رولز کے مطابق وہ پینشن صرف بیوہ، نابالغ بچوں یا معذور اولاد کو ملتی ہے، اگر مرحوم کا ایک بالغ بیٹا جو جسمانی طور پر معذور نہیں ہے، اور کمانے کے قابل بھی ہے، وہ کسی طریقے سے اپنے آپ کو اہل ظاہر کر کے وہ پینشن اپنے نام جاری کروالے، تو شرعا اس پینشن کا لینا جائز ہے یا ناجائز؟

## جواب

پوچھی گئی صورت میں جب تندرست بالغ بیٹا، پینشن کا اہل نہیں ہے، تو اب اس کا پینشن لینے کے لیے اپنے آپ کو جھوٹ موٹ، پینشن کا اہل ظاہر کرنا، حرام اور ناجائز و گناہ ہے، کیونکہ اس میں جھوٹ و دھوکہ پایا جا رہا ہے، اور جھوٹ و دھوکہ دونوں ناجائز و حرام ہیں۔ لہذا اس طریقے سے پینشن کی رقم لینا، اس کے لیے جائز نہیں، اور اگر لے لی ہو، تو جو اہل ہیں، ان کو دینا لازم ہے۔

صحیح مسلم، سنن ابن ماجہ، سنن ابو داوَد، مسند الحمیدی، مصنف ابن ابی شیبہ، مسند احمد، المعجم الاوسط، المعجم الکبیر لطبرانی، السنن الکبری للبیہقی وغیرہ کتب حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وعلیہ وسلم کا ارشاد ہے "لیس منا من غشنا" وہ ہم میں سے نہیں جو ہمیں دھوکہ دے۔ (صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 70، مطبوعہ: کراچی)

جامع صغیر، صحیح ابن حبان، المعجم الکبیر لطبرانی وغیرہ کتب حدیث میں حدیث مبارکہ ہے: "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غشنا فلیس منا والمکر والخداع فی النار" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں اور مکر کرنے والا اور دھوکہ دینے والا دونوں جہنمی ہیں۔ (المعجم الکبیر، جلد 10، صفحہ 138، مطبوعہ: قاہرہ)

فیض القدیر میں ہے "والغش ستر حال الشیئ" یعنی دھوکے سے مراد کسی شی کا اصل حال چھپانا ہے۔ (فیض القدیر، جلد 6، صفحہ 240، مطبوعہ: بیروت)

المبسوط للسرخسی میں ہے "الغدر حرام" ترجمہ: دھوکہ دینا حرام ہے۔ (المبسوط للسرخسی، جلد 10، صفحہ 96، مطبوعہ: بیروت)

بسوط سرخسی میں ہے "إن الكذب حرام" ترجمہ: بیشک جھوٹ حرام ہے۔ (بسوط سرخسی، جلد 30، صفحہ 15، دار المعرفۃ، بیروت)

فتاوی رضویہ میں ہے "بلاضرورت شرعی جھوٹ بولنا اور بلوانا کبیرہ گناہ ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج 24، ص 356، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5246

تاریخ اجراء : 18 صفر المظفر 1448ھ / 03 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net